سوال

(482) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی عمر

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کتنی عمر میں وفات پائی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے ۔ ابو جعفر باقر کا کہنا ہے ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 35 سال تھی اور کعبہ زیر تعمیر تھا جب فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پیدا ہوئی اور عبید اللہ بن محمد بن سلیمان بن جعفر ہاشمی کا قول ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر 41 سال تھی جب فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت ہوئی بعثت سے ایک سال یا کچھ زیادہ عرصہ پہلے ولادت ہوئی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے قریباً پانچ سال بڑی تھیں ۔ 2 ہجری اوائل محرم میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کا نکاح ہوا اور تاریخ وفات بقول واقدی منگل کی رات 3 رمضان 11 ہجری ہے ۔ (الاصابۃ لابن حضرت 4/365)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص769